اجتہادیہ مین امام اعظم کی قوت ہی زیادہ تر اسی سے اور اماموں کی مسائل اجتہادیہ مین اسقدر قوت
نہین ہی البتہ علم و فہم و لیاقت درکار ہی والا ہر کوئی اپنی رفتار و گفتار کو پسند کرتا ہی کسیکے
نزدیک صرف تعدد و کثرت راویون کی معتبر ہی گو وہ لوگ فہمیدہ و سنجیدہ ہون اور مدام حاضر
باش خدمت بابرکت حضرت سرور کائنات کی بہی نہ رہتی ہون مثلا سو شخص ایسی ہون جنکو
تفقہ نہو اور قلیل ایسی ہون کہ نہایت فہمیدہ و سنجیدہ ہون و مدام حاضر باش صحبت بابرکت کی
رہتی ہون و ماسبق و مالحق سی بہی ہر امر کی بخوبی واقف ہون اور بسبب کمال فراست و دیانت کے
نزول وحی بہی بعض واقعات مین مطابق اونکی رائی کی ہوئی ہو کسیکے نزدیک قوت در باب روایت
حدیث کے ایسی قلیل راویون کی معتبر ہی اور کسیکے نزدیک بالعکس ہی اور ظاہر ہی کہ اگر امام شافعی

صاحب یا امام مالک صاحب درجے کی بات کو نقل کریں اور ثقہ آدمی دیہاتی جنکو سمجھ پر فقیہ
نہو اوس بات کو مخالف انکی بیان کریں تو قوت بیان اوسکے بیان کو ہوگی اہل علم تو سمجھدار
فہمیدہ و سنجیدہ اماموں کی بات کو قوی کہینگے اور بعضے اوسطرف مائل ہونگے کہ جسطرف کثرت ہے
اور امام اعظم نقل روایت مین ثقہ کو راوی کی ضبط و عدالت وغیرہ جملہ امورات کو تفحص مزید عقلاً
ونقلاً جانچکر امام ایسی قوت کو پیش نہاد خاطر اقدس رکھتے ہین یہان قیاس مین ہمقدر رعایت
ہی کہ اور جگہ نہین ہی مثلاً قہقہہ سے نماز ذات رکوع و سجود مین وضو ٹوٹ جاتا ہی اور یہ امر خلاف
قیاس منصوص ہی کہ قہقہہ مبطل نماز ہی نہ ناقض وضو چونکہ شارع نے حکم کیا پس ناقض وضو کے
ہوگیا اب اس امر پر قیاس کرکے نماز مین گالی دینے سے وضو کی ٹوٹ جانیکا حکم حنفی نہین کرتے کہ جو
حکم منصوص خلاف قیاس کے ہی اوسپر دوسری امر کا قیاس کرنا ناروا ہی البتہ مسلک شافعی
رحمہ اللہ کا یہہ ہی کہ قہقہہ سے گالی دینا نماز مین سخت تر ہی پس گالی دینے سے نماز مین بدرجہ اولے
وضو ٹوٹ جاتا ہی لیکن امام اعظم ایسی جگہ قیاس نہین کرتے بمقام خود اوس حکم کو مقصور کرتے ہین
مثلاً زنا حرام ہی اور ناقض طہارت ہی وَالْغِیْبَۃُ اَشَدُّ مِنَ الزِّنَا چاہئے کہ غیبت بدرجہ
اولی ناقض طہارت ہو اور بول پلید تر ہی منی سے اور خروج منی سے غسل لازم آتا ہی چاہئے
کہ خروج بول سے بدرجہ اولی غسل لازم آوے اور نماز افضل تر ہی روزہ سے اور ایام حیض
مین قضا عورتون پر صیام رمضان کی واجب ہے تو قضا نماز کی بدرجہ اولی واجب ہو جاوے
اور شرعاً ایسی قیاسات بے اصل ہین اور اسیطرح جبکہ وقت ناقص عصر کا خاصہ نماز عصر ہی
بسبب ناقص ادا کیے نماز عصر کا ہوا تو فجر کی نماز مین قیاساً اوس حکم کو حنفی جاری نہین کرتے ہین

اگر خلیفۂ ثانی جیسے بزرگ وقت ناقص نماز عصر میں خاصۃً بسبب ادا کا ہوا اور پیغمبر خدا نے ثانیاً اس
نماز عصر کی لئی حکم اعادہ کا بھی نفرمایا حالانکہ بخاری شریف میں منقول ہی قال قال رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اذا طلع حاجب الشمس فاخروا الصلوۃ حتی ترتفع
واذا غاب حاجب فاخروا الصلوۃ حتی تغیب یعنی آفتاب جبکہ علی شرف السقوط
ہو یا قریب طلوع کی ہو تو نماز نہ پڑھنی چاہئی اور حضرت عمر نے ایسی وقت میں نماز عصر کی پڑھی
تو یہہ جواز صرف نماز عصر میں معتبر ہوگا نہ فجر میں چنانچہ بخاری شریف میں باب من صلی
بالناس جماعۃ بعد ذہاب الوقت یہہ حدیث موجود ہی عن جابر بن عبد اللہ
ان عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالی عنہ جاء یوم الخندق بعد ما غربت
الشمس فجعل یسب کفار قریش قال یا رسول اللہ ما کدت اصلی العصر حتی
کادت الشمس تغرب الحدیث اور شرح صحیح بخاری فتح الباری میں یہہ جملہ بھی مرقوم
ہی کان عمر رضی اللہ تعالی عنہ متوضیا فبادر فصلی قرب غروب الشمس
اور آثار بھی اسی طرح سے موجود ہیں مگر کم فہم و بے علم جنکو عربی عبارت پڑھنی کا بھی شعور نہیں
اور کتب علمیہ پر نظر نہیں ہی اور تحقیقات علماء حنفیہ سے بھی واقف نہیں ہیں وہ جو چاہیں کہیں
بلکہ ہزارہا غلطیاں امام اعظم کی نکالیں اور صاف صاف تبرا کریں اللہ تعالی انکو ہدایت
کری کہ تعصبات و عنادی محفوظ رکہے ایسی تعلیم و تلقین سی جو موجب اسقدر تشتت و شدت
کو صورت پذیر ہوئی ہی باز رہیں اسعد علماء امت نا در باب جرح و قدح و طعن کے حضرت امام اعظم
علیہ الرحمہ پر نشانہ ہیں اور انہماک کو استغراق ایسی امورات میں نہ جن سی جو بال بغیر تعصب تسلیم

مقلدین کے دائرہ تقلید امام معین سی خارج ہو کر مطلق العنان ہو گئین حالانکہ انتظام شریعت کا
بوجہ اتم واکمل درہم برہم ہو جاویگا اور جہال کو نہ قوت ممیزہ ہی نہ علم ولیاقت ہی نہ دردِ دین
ہی ایسی تعلیم سی زیادہ از حد موجب خرابی دین کا اونکی حق مین متصور ہوگا رفتہ رفتہ کوئی
بموجب حدیث کی یعنی حسب روایت ابن عباس کے اور تقلید امام مالک کے متعہ کریگا کوئی تفضیل
شیخین پر قدح کریگا کہ حدیث سی اونکا عدم امتثال امر پیغمبر خدا کا ثابت ہی کوئی امیر شام کی
جناب مین بی ادبی کریگا کہ امام برحق سی بہتر بار جنگ کی اور بہت سے خرابیان نمودار
ہون گی اور جہال خسر الدنیا والآخرہ مین پڑین گی کمال تعجب کے بات ہی کہ ایسی حرکات
وکلمات وترتب آثار سی تو صاف معلوم ہوتا ہی کہ مرتکب ایسی امورات کا باطن مین سنی
مذہب نہین ہی تقیہ کی او جہل تمکا کہلتا ہی والا بانی مبانی ایسی امورات کا ہوتا کہ جن سے
یہہ فتنہ وفساد دین مین اہل سنت جماعت کے واقع ہوتا ہی مناظرہ ومباحثہ مین اہل علم
جادہ اعتدال واستقامت سے متجاوز ہو کر اپنا نقصان دین نہین کرتے ہین اور تی زمانا جنکی
فہم ولیاقت کا یہہ حال ہو کہ تقلید مطلق لا علی سبیل التعین امر مبہم کو واجب کہین اور تقلید شخصی کو
بدعت وشرک اعتقاد کرین اور علماء شریعت کے اجماع کا نام بود اہل عناد کہین امر اصول فقہ
وعلوم ضروریہ وعلم کلام وعلم عقائد وفن عربیت سی ناآشنا محض وبالکل ناواقف ہون انہین
تمسکات ائمہ اربعہ مین دعوا لیاقت وترجیح دینی کا ہی رکہتی ہون سبحان اللہ کیا اچہی بی علم
مطلق مقلد مطلق بنی ہین وما ہذا الا عجب العجاب ۵ وللناس فیما یعشقون
مذاہب بس فی زمانا سردار لامذہبون کو بحکم مفتی عقل کے استفتا ہی در شورش

کرنے درباب حرمت تقلید شخصی کے بربادی دین کی ہی صورتاً و معناً نفسانیت اور ضد سے
باز آوین تاکہ جہال طوفان بے تمیزی و دریائی طغیانہم یعمہون مین غرق ہوون
اور تمسکات امام اعظم کی اقوی و اصح ہین اوروں کی تمسکات سے چنانچہ جسقدر ثبوت درباب
حفظ احکام نصوص قرانی کی اور تنقید احادیث صحیحہ کے بموجب شرائط اصول کلیہ اجتہادیہ کے مذہب
حنفیہ مین ہی اور جگہہ نہین ہی جو کوئی اصول فقہ سے واقف ہوگا اور استعداد و لیاقت علمی
بہی رکہتا ہوگا وہ بخوبی واقف ہوگا کہ استدلال و تمسکات امام اعظم کی اکثر صحیح و قوی تر ہین اور
اماموں کی تمسکات سے چنانچہ کوئی امام پابند قاعدی نحوی کی اسقدر ہین کہ کو ترک عمل نص قطعی
پر لازم آوی مثلاً ثلثة قروء مین تین طہر مراد لینے سے طلاق شرعی مین عمل نص پر منصوص
نہوگا اور تین حیض لینے سے بخوبی عمل نص قرانی پر متصور ہوگا کما لایخفی علی اہل العلم اور قاعدی
نحوی کی واجب العمل نہین ہین بخلاف نص قرانی کی کہ شرعاً واجب العمل ہی خصوصاً ترک
اوس قاعدہ نحوی کا جسمین دونو طرح لفظ ثلثہ کا تذکیر و تانیث مین مستعمل ہوا ہو اور مضمضہ و
استنشاق جو وضو مین فرض نہین ہی بموجب مذہب شافعی کی غسل جنابت مین بہی فرض نہین ہی یعنی
مقیس علیہ وضو کو ٹھیراتی ہین حالانکہ ابن عباس سے منقول ہی کہ مضمضہ غسل جنابت مین
فرض ہی اور روزہ سہواً کہانی پینے سے نہین ٹوٹ جاتا ہی اور بموجب مذہب شافعی
کی اگر کوئی روزہ دار کو جبراً کہلا پلا دی تو اوسکا روزہ بہی نہین ٹوٹ جاتا ہی حالانکہ
حدیث مین وہ حکم ناسی کی لئی منصوص ہی مکرہ کی لئی نہین ہی اور فعل نسیان کو شارع
نی اپنی طرف منسوب کیا ہی نہ فعل مکرہ کو اور حالت نسیان (زبردستی) و جبر مین فرق بین ہے

قَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ لِلَّذِيْ اَكَلَ نَاسِيًا تَمَّ عَلٰى صَوْمِكَ فَاِنَّمَا اَطْعَمَكَ اللّٰهُ وَ
سَقَاكَ اللّٰهُ اور مذہب شافعی مین اکثر مدت حیض کے پندرہ دن مین یعنی نصف ماہ باعتبار
قیاس لغوی کی یعنی حدیث مین درباب بیان نقصان دین عورتون کی لفظ شطر کا واقع ہی
اور لغت مین شطر بمعنی نصف کی موضوع ہی لہذا اکثر مدت حیض کے نصف ماہ ہی یعنی پندرہ
دن حالانکہ روایات صحیحہ مین اصل تو لفظ شطر کا منصوص نہین ہی معہذا یہ قیاس لغوی
مخالف حدیث شریف کی ہی بنا بر روی اَنَّهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ اَقَلُّ الْحَيْضِ لِلْجَارِيَةِ الْبِكْرِ
وَالثَّيِّبِ ثَلٰثَةُ اَيَّامٍ وَلَيَالِيْهِنَّ وَاَكْثَرُهُ عَشَرَةُ اَيَّامٍ اور مولانا نظام الملۃ والدین
فی شرح مسلم الثبوت مین لکھا ہی لَوْ كَانَ الشَّطْرُ بِمَعْنَى النِّصْفِ كَمَا اسْتَدَلَّ بِهِ الشَّافِعِيُّ
رَحِمَهُ اللّٰهُ لَا يَصِحُّ لِاَنَّ اَيَّامَ الْاِيَاسِ وَالْحَبْلِ وَالصِّغَرِ كَثِيْرَةٌ لَا حَيْضَ فِيْهَا انتہی
یعنی اگر شطر بمعنی نصف کی یہان حدیث مین لیا جاوی جیسا کہ استدلال کیا ہی ساتھ اسکے
امام شافعی رحمۃ اللہ نی تو وہ صحیح نہین ہی کیونکہ ایام ایاس کے اور پیٹ والی عورت کے
اور صغر سن مین ایام طہر کی کثیر ہین اور وہان حیض نادر ہی اور بموجب مذہب شافعی کی
مس ذکر سی وضو ٹوٹ جاتا ہی حالانکہ حدیث مین آیا ہی کہ وہ بھی ایک ٹکڑا گوشت ہے اور مضغہ گوشت کے مس
کرنیسی وضو نہین ٹوٹ جاتا ہے اور کفارہ یمین مین اور کفارہ قتل مین بموجب مذہب شافعی کی
فرق نہین ہی حالانکہ ایک جگہہ عبد مومن مقید بایمان منصوص ہی اور دوسری جگہہ عبد مقید
بایمان نہین ہی کیونکہ جنایت مین جبکہ فرق ہوا تو حق سبحانہ تعالی نی کفارہ مین بھی فرق
کیا یعنی مقید بایمان ایک جگہہ اور غیر مقید بایمان دوسری جگہہ منصوص فرمایا اور بموجب

مذہب شافعی کی بیان مقید و غیر مقید مین فرق نہین ہی باوجود تخصیص قید ایمان کے
ایک جگہہ اور عدم تخصیص قید ایمان کی دوسری جگہہ اور بہت سی مسائل اسیطرح کی ہین
کہ جنکا ضعف عقلاً و نقلاً بہ نسبت مذہب حنفی کی صاف عیان ہے اور قطع نظر اسکے
عمل کرنا حدیث صحیح و قوی پر اور ترک کرنا عمل کا مسئلہ قیاسیہ پر یقین مذہب حنفی کا ہی
بشرطیکہ عمل بالحدیث سی ترک عمل النص قطعی قرانی کا لازم نہ آوی مثلاً آمین بالجہر کہنی
سی کو عمل بالحدیث ہو مگر ترک عمل النص قرانی قطعی کا لازم آویگا کہ قرانمین حکم بالاخفا منصوص
ہی اور حدیثین بھی آمین بالجہر کہنی مین متعارض ہین ایسی مقامات پر حنفی النص قطعی قرانی کے
پر عمل کرینگی اور اہل علم و ارباب فہم پر بخوبی روشن ہے کہ امام اعظم علیہ الرحمۃ نی کمال
تفحص صحیح احادیث کو شوائب سی صاف کرکی اصح و قوی پر بنا مذہب کے رکھی ہی
باہم یہہ ٹہرایا ہی کہ مسئلہ قیاسیہ کو اول قران شریف و حدیث شریف پر عرض کرو اگر
موافق پاؤ تو عمل کرو اور جو مخالف پاؤ تو چہوڑ دو چنانچہ مسلم الثبوت مین مرقوم ہی عَرِضُوهُ
عَلٰى كِتَابِ اللّٰهِ فَإِنْ وَافَقَهُ فَاقْبَلُوهُ وَإِنْ خَالَفَهُ رُدُّوهُ وَايضاً فيه
شَرْطُ الْقِيَاسِ أَنْ لَا يَكُونَ النَّصُّ شَامِلًا لِحُكْمِ الْقِيَاسِ انتهى یعنی جبکہ کوئی حکم
شرعی نصًّا موجود ہو تو پہر قیاس کرنا ممنوع ہی چنانچہ کشف بزدوی مین مرقوم ہی اِنْ كَانَ
الرَّاوِي مَعْرُوفًا بِالْفِقْهِ وَالتَّقَدُّمِ فِي الْاِجْتِهَادِ كَالْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِينَ وَ
الْعَبَادِلَةِ الثَّلٰثَةِ وَزَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ وَمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ وَاَبِي مُوسٰى الْاَشْعَرِي
وَعَائِشَةَ رِضْوَانُ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَيْهِمْ اَجْمَعِينَ وَغَيْرِهِمْ مِمَّنْ اشْتَهَرَ بِالْفِقْهِ فَاِنَّهٗ

اگر راوی تفقہ و تقدیم
اجتہاد مین معروف ہے
جیسا خلفاء راشدین
اور عبداللہ بن مسعود و عبداللہ
بن عباس و عبداللہ بن عمر
کہ یہ تینون مسمّی عبادلہ
ثلثہ کہلاتی ہین اور زید بن
ثابت

كَانَ حَدِيثُهُم صَحِيحًا يُتْرَكُ بِهِ الْقِيَاسُ وَإِنْ كَانَ الرَّاوِي مَعْرُوفًا بِالْعَدَالَةِ
وَالْحِفْظِ دُونَ الْفِقْهِ مِثْلُ أَبِي هُرَيْرَةَ وَأَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا
فَإِنْ وَافَقَ حَدِيثُهُمُ الْقِيَاسَ عُمِلَ بِهِ وَإِنْ خَالَفَهُ لَمْ يُتْرَكِ الْحَدِيثُ إِلَّا بِالضَّرُورَةِ

انتہی یعنی امام اعظم کی نزدیک اسقدر احتیاط ہی کہ حدیث شریف پر عمل کرنا مقدم ہی در
صورت وجدان حدیث صحیح کی قیاس نکرین گی اور حدیث پر عمل کرین گی مگر جابجا حدیث
کا اور نصوص قرانی کی احکامات کا متروک ہونا ہی اونکی نزدیک ضروریاتسی ہی اور
اکثر عادت امام اعظم کی یہہ تہی کہ بروقت تبیان مسائل شرعیہ کی اکثر اقتصار واکتفا
دلیل عقلی یعنی قیاس شرعی پر کرلیتے تہی کہ طبائع عامہ مجبول اوپر تطابق معقول ومنقول
کی ہین والا حقیقت مین تمسک امام اعظم کا کتاب اللہ وسنت رسول اللہ واقوال سلف سی
بوجہ اتم واکمل ہوتا تہا اور حفظ کتاب اللہ واحادیث رسول اللہ ومعرفت اقوال سلف اجتہاد
مین امام اعظم کی نزدیک شرط ہی تاکہ قیاس مقابل حدیث صحیح کی نہ واقع ہو پس بلامر کی
مذہب حنفی قطعاً آج تک مذہب حنفی کی اصول سی بہی واقف نہین ہین بی علمی وحماقت شعار
وبہت دہرمی سی جو چاہتی ہین وہ کہتی ہین حیا وشرم ندارد ہی اور اپنی بیان پر نازان
ہوتی ہین ہائی اپنی جہل وعیب باطنی پر خبر نہین رکہتی ہین تمام شہر کو برباد کیا اور اپنا گہر
بہرا اور بی حیائی سی لامذہبون کی پیشوا ہین اور تفسیر احمدی ہین جو یہہ لکہا ہی اوسکی
سمجہنے کا شعور نہین ہی اور گالیان دیتی ہین مثل مشہور ہی دست لنگور بانگور نمیرسد
میگوید کہ ترش ست وعبارۃ التفسیر ہکذا اعلم ان الانسان کان حیوانا انما

إن لم يعمل شيئا من الأشياء أو يعمل والأول باطل لقوله تعالى أيحسب
الإنسان أن يترك سدى فتعين أن يعمل بأعمال وحينئذ لا يخلو
إما أن يتمسك فيه بشيء من الكتاب والسنة أو لا والثاني باطل بإجماع
المسلمين فتعين أن يتمسك فيه بالكتاب والسنة وحينئذ لا يخلو
إما أن يكون له قدرة على معرفة وجوه الكتاب والسنة ومعانيه وطرقه
وأحكامه أو لا والثاني أي من يكون له قدرة على معرفة وجوهه ومعانيه
وطرقه وأحكامه لا بد له أن يكون تابعا لأحد من الأئمة الأربعة
وهو المراد وإما أن يكون له قدرة على معرفة وجوه الكتاب والسنة
ومعانيه ومع ذلك له ملكة الاستنباط والقدرة التامة على استخراج
المسائل هو المجتهد ولا كلام فيه ومن لا يكون له قدرة فيجب أن يلتزم
على مذهب الأئمة انتهى حاصل معنی یہ ہی تحقیق انسان نہین خالی ہی یا یہ کہ کچھ
بھی عمل نکریگا کسی چیز پر یا عمل کریگا اور انسان کا کچھ بھی عمل نکرنا موجب اس نص قرآنے
کی باطل ہی ایا گمان کرتا ہی انسان کہ چھوڑا جاویگا مہمل و بیکار پس مقرر ہوا کہ عمل
کریگا اور درصورت عمل کرنیکے خالی نہین کہ بذریعہ قرآن شریف وحدیث شریف کی
عمل کریگا یا اس عمل کرنیمین متمسک قرآن شریف وحدیث شریف سے نہوگا اور متمسک
قرآن حدیث سے نہونا باجماع مسلمین باطل ہی پس مقرر ہوا کہ عمل کرنا انسان کا متمسک
قرآن شریف وحدیث شریف کی ہوگا اور اسوقت نہین خالی ہی یا کہ اس شخص کو قدرت

اوسکو معرفت وجوہ قران شریف کی اور حدیث شریف کی اور معنون پر اور طریقون پر اور احکام
پر قرآن و حدیث کی حاصل ہی یا نہین ہی اگر اوسکو یہہ قدرت حاصل نہین ہی اوسکو ضرور
ہی کہ کسی نہ کسی ایک مجتہد کا ائمہ اربعہ مین سی مقلد ہو اور یہی مراد و مقصود ہی اور جو اوسکو قدرت
معرفت وجوہ کتاب و حدیث پر حاصل ہی اور معانی قران و حدیث سی بہی واقف ہی اور
باایمہہ اوسکو ملکہ استنباط اور قدرت تامہ اوپر استخراج مسائل کے حاصل ہی وہ شخص مجتہد ہے
او ہمین کام نہین کہ وہ مقلد کسیکا ہو بلکہ ہم اقرار کرتی ہین کہ مجتہد کو مقلد ہونا کسی مجتہد کا درکار
نہین ہی اور جس شخص کو قدرت تامہ و ملکہ استنباط استخراج مسائل کی حاصل نہین ہی
واجب ہے اوسکو کہ مقلد ہوکر ہمیشہ ایک ہی مذہب پر قایم و برقرار رہی اور ایک مذہب سی
بطرف مذہب آخر کی نہ جاوی اسواسطی کہ ایک مذہب سے دوسری مذہب کیطرف جانا موجب ہے
اس امر کو کہ بطلان و نقصان مذہب اول مین کسیطرح سی اوسکو ظاہر ہوا اور مقلد کو یہہ لیاقت
نہین ہی کہ نقصان بدلیل و قیاس شرعی کی دریافت کری یا بدلیل شرعی اپنی رای سی ترجیح
ایک امر کو دوسری امر پر دیوی وگرنہ وہ خود مجتہد ہی نہ مقلد پس مقلد ہوکر بغیر دلیل کے دوسری
مجتہد کی مسئلہ پر عمل کرنا یا دوسری امام کی مذہب مین چلا جانا ہوسات نفس سے ہی یا ترجیح
بلا مرجح ہی اور مقلد کا یہہ منصب نہین ہی جو یہہ کام کری خصوصا فی زماننا پس اللہ تعالی لامذہبونکو
اور اونکی پیشوا کو ہدایت کری کہ بنظر انصاف و دینداری کی اس اغوا و اغراسی باز آوین
تاکہ جہل و عدم معرفت علوم سی اور بیجا دینی سی جیسا کہ بیانکی اہل علم پر اظہر من الشمس ہے عوام
دور دور بعبان نہو جاوی اور بد دینی و فتنہ اندازی عوام کے بتعلیم و تلقین حضرت معلم

اہل سنت کے مورث بالحاد ہو جاوی کالکل الی سعی علی الخبیر کفاعلیہ وعکسہ کی تمکین فقط

استفسار چہارم فی زماننا صرف حدیث پڑھنی سے بدون معرفت اصول فقہ کے
اور بغیر مداخلت فنون عربیہ وغیرہ کی کوئی شخص عامل بالحدیث ہو سکتا ہی یا نہین فقط

جواب فی زماننا بغیر تقلید امام معین کے عمل بالحدیث کرنا خصوصا اس ناشی جہال سے
غیر مقصود ہی کیونکہ احادیثین متعارض ہین اور احکام مخصوصہ ابتدا اسلام مین اور انتہا اسلام
مین متفاوت صادر ہوئی ہین پس تشبیہ الحقین اسی زمان مین ایمان کی حفاظت یہی امر ہی کہ
انحصار تقلید مین کسی نہ کسی امام معین کے مقصور ہو کر رہی والا مثل اور فرقون ضالہ کی سرگردان
بادیہ ادبار ہو کر دین و ایمان اپنا برباد کریگا اور یہہ خبر نہوگی کہ مین بھلا الین ہون چنانچہ اور
فرقہ ضالہ بہی قرآن و حدیث سے حجت پکڑکے اعتقاد کرتی ہین کہ ہم عامل قرآن و حدیث پر
ہین اور مخالفت اہل سنت و جماعت کے بذریعہ حجت قرآن و حدیث کی کرتی ہین اور حق پر
اپنی تئین اعتقاد کرتے ہین مثل خوارج و نواصب وغیرہ کی حالانکہ گمراہ ہین اور حدیث شریف
مین سب کچہ آیا ہی بخاری شریف مین یہہ حدیث بہی موجود ہی فَكَانَ اَبُوْهُرَيْرَةَ يَقْنُتُ
فِي الرَّكْعَةِ الْاُخْرٰى مِنْ صَلٰوةِ الظُّهْرِ وَصَلٰوةِ الْعِشَاءِ وَصَلٰوةِ الصُّبْحِ بَعْدَ
مَا يَقُوْلُ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ فَيَدْعُوْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَيَلْعَنُ الْكُفَّارَ یعنی حضرت
ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ رکعت اخیر نماز ظہر و نماز عشا و نماز صبح کی بعد سمع اللہ لمن حمدہ
کہنی کے دعا قنوت پڑہتی تہی اور مومنین کے حق مین دعا مانگتی تہی اور کفار پر لعنت کرتے
تہی نماز مین پس بموجب اس حدیث شریف کی ضروری کہ عمل کرین اور لعنت نماز مین کیا

کریں اور بخاری شریف میں یہہ حدیث بھی موجود تھی کہ پیغمبر خدا نے بعد نماز تہجد کی خواب فرمایا
بعد ازاں نماز صبح بغیر وضو کی ادا فرمائی پس عاملین بالحدیث بعد نماز تہجد کی خواب کر کے
نماز صبح بغیر وضو کی پڑہیں کہ مسنون ہی اور عمل بالحدیث ہی عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ نِمْتُ
عِنْدَ مَيْمُونَةَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ عِنْدَهَا تِلْكَ اللَّيْلَةَ فَتَوَضَّأَ
ثُمَّ قَامَ يُصَلِّي فَقُمْتُ عَلَى يَسَارِهِ فَأَخَذَنِي فَجَعَلَنِي عَنْ يَمِينِهِ فَصَلَّى ثَلَاثَ عَشْرَةَ
رَكْعَةً ثُمَّ نَامَ حَتَّى نَفَخَ وَكَانَ إِذَا نَامَ نَفَخَ ثُمَّ أَتَاهُ الْمُؤَذِّنُ فَخَرَجَ فَصَلَّى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ
قَالَ عَمْرٌو فَحَدَّثْتُ بُكَيْرًا فَقَالَ حَدَّثَنِي كُرَيْبٌ بِذَلِكَ فقط یہہ حدیث بہت صحیح ہی
پس بموجب عمل بالحدیث و سنت رسول اللہ صلعم کی لازم ہی کہ بعد نماز تہجد کے خواب
کریں اور خرّاٹے لیں بعد ازاں بے وضو نماز صبح کی پڑہ لیں اور جو بموجب اصول فقہ
حنفیہ کی حدیث کو مقید کرینگی اور خصوصیات کو دخل دینگے تو پھر حصار تقلید میں اناڑیگا اور
حدیث شریف میں یہہ بھی آیا ہی عن جابر قال اَطْعَمَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صلعم لُحُومَ الْخَيْلِ
وَنَهَانَا عَنْ لُحُومِ الْحُمُرِ اور حدیث میں یہہ بھی آیا ہی سَأَلَ النَّبِيَّ صلعم اَبْجَرُ بْنُ غَالِبٍ لَمْ يَبْقَ
مِنْ مَالِي مَا أُطْعِمُ أَهْلِي إِلَّا حُمُرِي فَقَالَ أَطْعِمْ أَهْلَكَ مِنْ سَمِينِ حُمُرِكَ
اور حدیث شریف میں یہہ بھی آیا ہی قَالَ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ شَرُّ الشُّهُودِ مَنْ
شَهِدَ قَبْلَ أَنْ يُسْتَشْهَدَ اور حدیث میں یہہ بھی آیا ہی خَيْرُ الشُّهُودِ مَنْ شَهِدَ
قَبْلَ أَنْ يُسْتَشْهَدَ وَهُمَا حَدِيثَانِ قَدْ تَعَارَضَا فَيُشْكِلُ عَلَى غَيْرِ الْفَقِيهِ الْجَمْعُ
بَيْنَهُمَا لِمَا يُتَوَهَّمُ فِيهِ مِنْ ظَاهِرِ التَّنَافِي مَعَ حُصُولِ الِانْفِصَالِ فِيهِمَا انتہی هٰذا

قَالَ الشَّيْخُ الْإِمَامُ الْعَالِمُ الْحَافِظُ زَيْنُ الدِّيْنِ نَاصِرُ السُّنَّةِ أَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ الشَّافِعِيُّ
مَذْهَبًا وَمُحَدِّثًا تاکلام ملا اور بہت سی روایتیں صحاح ستہ سی نقل کرتا اگر خوف اطنابکا
نہوتا بس بغیر تقلید امام معین کی اور بدون معرفت اصول فقہ کی سمجہنا حدیث کا دشوار ہی
تا بعمل چہ رسد جب تک جو کوئی کہ ناسخ و منسوخ در باب السنۃ کو جو اصول فقہ میں ائمہ مجتہدین
نی خوب تحقیق سی مفصلاً و مشروحاً منضبط کیا ہی نہ جانیگا اسیطرح لامذہب ہوکر آوارہ
دشت ادبار کا ہوگا اور شرح الاربعین نوادی میں مرقوم ہی مَنْ اَرَادَ الْاِحْتِجَاجَ بِحَدِيْثٍ
مِنَ السُّنَنِ كَأَبِيْ دَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيِّ وَالنَّسَائِيِّ وَابْنِ مَاجَةَ وَالْمُوَطَّأِ وَ
غَيْرِهَا لَا سِيَّمَا فِيْهِ ابْنُ مَاجَةَ وَمُصَنَّفُ اَبِيْ شَيْبَةَ وَعَبْدِ الرَّزَّاقِ وَنَحْوِهِمَا
مِمَّا تَكَثَّرَ فِيْهِ الضُّعْفُ وَغَيْرُهُ اَوْ بِحَدِيْثٍ مِنَ الْمَسَانِيْدِ فَاِنْ تَاَهَّلَ
لِتَمْيِيْزِ الصَّحِيْحِ مِنْ غَيْرِهِ امْتَنَعَ اَنْ يَحْتَجَّ بِحَدِيْثٍ مِنْ ذٰلِكَ حَتّٰى يَنْظُرَ فِي اتِّصَالِ
سَنَدِهِ وَحَالِ رُوَاتِهِ وَاِنْ لَمْ يَتَاَهَّلْ لَهُ فَاِنْ وَجَدَ اِمَامًا قَالَهُ فَلَهُ وَاِلَّا لَمْ
يَجُزْ لَهُ الْاِحْتِجَاجُ بِهِ لِئَلَّا يَقَعَ فِي الْبَاطِلِ وَهُوَ لَا يَشْعُرُ انتہی حاصل معنی اسکا یہ ہے
کہ جو شخص ارادہ کری کہ دلیل پکڑی حدیث شریف سی جیسا کہ حدیثین ابی داؤد و ترمذی
و نسائی و ابن ماجہ و موطا وغیرہ خصوصاً ابن ماجہ ہو و مصنف ابی شیبہ و عبد الرزاق
و مثل اون دونوں کی کہ جنمین بہت ضعف ہی یا احتجاج کری حدیث سی مسانید میں سے
پس اگر اوسکو لیاقت و استعداد و اہلیت و تمیز کرنے صحیح کو غیر صحیح سی حاصل ہے
تو اوسکو ممتنع ہی ایسی حدیثون سی حجت پکڑنے جب تک کہ نظر اتصال سند میں

اور حال راویون مین نکرلے اور جو اوسکو اہلیت ولیاقت تمیز کی نہین تہا اس صورت مین اگر اوس وقت مین کوئی امام ہو تو اوسکا مقلد ہوا اور جو مقلد نہوگا تو عمل بالحدیث کرنیسی بطلان مین پڑیگا اور اوسکو خبر نہوگی کہ مین بطلان مین پڑا اور بالفعل حال لامذہبون کا یہی ہی کہ بطلان مین پڑی ہین اور انکو خبر نہین ہی اَللّٰھُمَّ احْفَظْنَا مِنَ الظُّنُوْنِ وَالشُّکُوْکِ وَالْاَوْھَامِ السَّارِیَۃِ لِلْقُلُوْبِ آمِیْن **استفسار پنجم** مقلد ہوکر طعن کرنا اپنے امام پر فی زماننا یا نقصان وخطا کی نسبت کرنی درست ہی یا نہین اور کتب معتبرہ اسماء الرجال مین جو امورات کہ درباب محامد ومناقب امام اعظم کی مرقوم ہین اونمین کونسی مناقب درست ہین اور کونسی باتین مخترعات سی ہین مفصلا ودلوا مرتبا دونہ مثل متعصبین ومعاندین کی کہ صرف طعن پر اکتفا کرلیتے ہین **جواب** مقلد ہوکر طعن کرنا یا بسبب حقد وحسد وتعصب ونفسانیت وسخن پروری کی مذمت کرنی امام اعظم کی خصوصا فی زماننا یہان عمل ورامد ہی بہت بڑی بات ہی چنانچہ معلم اول کہ صورتًا وتقیۃً مقلد بہی بنی ہین اور حقیقت مین امام اعظم پر برمز وکنایہ وبتصریح وتشریح ابواب مذمت وطعن کے بہی مفتوح کرتے ہین یہہ بات بددیانتی وبددینی وبدمذہبی کی ہی کہ مقلد ہوکر مساوی جرح وقدح وطعن کے بیان کرنی بالفعل موجب بربادی اعتقاد جہال کا ہی کہ فی الحال جو جہال کندہ ناتراش اور بعضی نیم ملّا مذمت وملامت بہ بانگ بلند درحق امام اعظم کی بخوبی ورد زبان رکہتی ہین یہہ لوگ بفیضان تعلیم حضرت معلم اول کی نفسانیت وتعصب وعناد سی اپنی مذہب باطنی کو جلا دیتی ہین وفی کتاب میزان الاجتہادیۃ

كما لا يجوز لنا الطعن فيما جاء كتب الانبياء عليهم السلام مع اختلاف
شرائعهم فكذلك لا يجوز لنا الطعن فيما استنبطه الائمة المجتهدون بطريق
الاجتهاد والاستحسان انتهى وايضا فيه اياكم ان تبادروا الى الانكار
على قول مجتهد او تخطيته الا بعد احاطتكم بادلة الشريعة كلها ومعرفتكم
بجميع لغات العرب التي احتوت عليها الشريعة ومعرفتكم معانيها وطرقها و
تبحركم باقوال السلف وغير ذلك مما لا بد منه من الاصول واني لكم بذلك
انتهى اور کتاب قواعد الكبرىٰ میں ہی لا ينبغي لاحد قط ان يتخطى مجتهدا او يطعن
في كلامه لان الشرع الذي حكم الله تعالى قد تقرر حكم المجتهد واتى بالوحي
منفردا فصار شرعا لله تعالى بتقرير الله تعالى اياه فكل من اخطأ مجتهدا
بعينه فكانه اخطأ الشارع فيما قرره انتهى پس مقلدین علم وکم فہم موکر خطا
ونقصان بانی مجتہد کا نکالی خصوصًا وعنادًا وتبرا کرتی کما شاع وذاع في هذا الزمان
من الفرقة القليلة التي هي المبتدعة لهذه الطريقة وہ گمراہ وبی دین ہی اور مکار وغدار ومردود
الملة وہی سی پیشوا الا مذہب لکھا بناہی کر مذمت وملامت وتبرا کروانا اکابر علماء مرحومین
اہل سنت جماعت برکس حیلہ وعجب ڈہنگ سے خاطر نشین کیا ہی لیکن جہال بی اعتبار
بیروا آثار صاحب معیار ضروریات دینیہ سی مشترک ہونا مقلدین کا تصور کرنے میں
كما يستفاد من الرسائل المنظومة التي نقلنا بعض الاشعار منها فتامل
اور کتاب کشف الغیان بالدلیل والبرہان میں مرقوم ہی وَالامَامُ الاعظم النعمان

خلاصہ مطلب بہ ہی کہ بغیر احاطہ ادلہ شرعیہ ومعرفت علوم عربیہ کے اور مہارت فنون ادبیہ کی مارالکا ای انکار ائمہ کے اور مجتہدوں پر کیا حقائق علوم میں سے انکار تقلید ہرگز روا نہیں ہے اور مجتہدین کسکو یہ بات میسر ہے اور لیاقت تخطیہ مجتہدین ایسے کہاں ہی اس زمانہ میں ١٢ ١٢

ابو حنیفۃ النعمان بن ثابت نزیل بغداد المولد سنۃ ثمانین وقیل احدٰی
وستین وقیل ثلث وستین المتوفی بها سنۃ خمسین ومائۃ انتهی کلامه
اور بعض لوگوں سی روایت ہی کان الامام ابو حنیفۃ من اورع الناس واعلم الناس
واعبد الناس واکرم الناس واکثرهم احتیاطا فی الدین وعن عکرمۃ المکی
رحمه الله یقول ما رأیت فی عصری کله عالما اورع ولا ازهد ولا اعبد ولا اعلم
من الامام ابی حنیفۃ رضی الله عنه وعن عبد الله بن المبارک قال دخلت
الکوفۃ فسألت علماءها وقلت من اعلم الناس فی بلادکم هذه فقالوا کلهم
الامام ابو حنیفۃ رحمه الله فقلت لهم من اورع الناس فقالوا کلهم الامام ابو حنیفۃ
فقلت لهم من ازهد الناس فقالوا کلهم الامام ابو حنیفۃ فقلت لهم من اعبد
الناس واکثرهم شغلا للعلم فقالوا کلهم الامام ابو حنیفۃ فما سألتهم عن
خلق من الاخلاق الحسنۃ الا وقالوا کلهم لا نعلم احدا تخلق بذلک غیر
الامام رضی الله عنه انتهی اور کتاب اسماء رجال الحدیث من تالیف الشیخ
الامام ولی الملۃ والدین محمد بن عبد الله الخطیب بن محمد تبریزی جامع
الکتاب المشهور الموسوم بمشکوۃ المصابیح میں مرقوم ہی والنعمان بن ثابت
بن زوطا الامام الکوفی کان خزازا یبیع الخز وکان جده من اهل کابل
وقیل بابل وقیل من انبار وکان مملوکا لبنی تیم الله فاعتق وقال اسمعیل
بن حماد بن ابی حنیفۃ نحن من ابناء فارس من الاحرار والله ما وقع علینا رق

قط ولد بجبل سنة ثمانين ومات ببغداد سنة خمسين ومائة على
الاصح وكان في ايامه اربعة من الصحابة انس بن مالك بالبصرة وعبد الله
بن ابي اوفى بالكوفة وسهل بن سعد بالمدينة وابو الطفيل بمكة ولم يلق
احدا منهم ولا اخذ عنه واصحابه يقولون انه لقي جماعة من الصحابة وروى
عنهم ولا يثبت عند اهل النقل ونقله المنصور من الكوفة الى بغداد فاقام بها
الى ان مات وكان اكرهه ابن هبيرة ايام مروان على القضاء بالكوفة فابى
فضربه مائة سوط في عشرة ايام فلما راى ذلك خلى سبيله واكرهه المنصور
عليه بعد اشخاصه الى العراق فابى وحلف المنصور فحبسه ومات
في السجن وقيل افتدى نفسه قال الشافعي قيل لمالك هل رايت ابا حنيفة
قال نعم رايت رجلا لو كلمك في هذه السارية ان يجعلها ذهبا لقام بحجته
وقال من اراد التبحر في الفقه فهو عيال على ابي حنيفة ولو ذهبنا الى شرح
مناقبه لاطلنا الخطب ولم نصل الى الغرض فانه كان عالما عاملا زاهدا
عابدا ورعا اماما في علوم الشريعة وقد نسبت اليه من الاقاويل المختلفة
قدره عنها لا حاجة الى ذكر قائلها والظاهر انه كان منزها عنها ويدل عليه
ما يسر الله له من الذكر المنتشر في الآفاق والاخذ بمذهبه وفقهه فلو لم يكن
لله سر خفي فيه لما جمع له شطر اهل الاسلام على تقليده والعمل برايه الى يومنا
ما يقارب اربعمائة وخمسين سنة وفيه ادل دليل على صحته وقد جمع ابو جعفر